More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سبق نمبر۲۳:

مناظرِ پاکستان

سوال نمبر:(۱) درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔

(الف) لفظ "منظر" کے کیا معنی ہیں؟

جواب: لفظ منظر کا مطلب ہے دیکھنے کے قابل چیز۔ جسے ہماری نظر دیکھ سکتی ہو۔

(ب) صوبہ سندھ میں کون کون سے تاریخی مقامات ہیں؟

جواب: صوبہ میں یوں تو دنیا کی قدیم ترین تہذیب کے آثار بھی موجود ہیں تاہم یہاں بہت سے قابلِ دید تاریخی مقامات ہیں۔ اِن میں بادشاہی مسجد ٹھٹھ، مکلی کا قبرستان، رنی کوٹ کا قلعہ جہاں مغل بادشاہ اکبر بادشاہ پیدا ہُوا تھا۔ کراچی میں واقع چوکھنڈی کا قدیم قبرستان۔ اور بحیرۂ عرب کے قریب بھنبور کے آثار۔

(ج) صوبۂ پنجاب میں قدرتی مناظر کی کون کون سی جگہیں ہیں؟

جواب: پنجاب آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ قابلِ دید قدرتی مناظر بھی بہت ہیں۔ مری کی خوبصورت وادیاں، مٹھن کوٹ جہاں پانچ دریا ملتے ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سے قدرتی مناظر انسانوں کو دید کی دعوت دیتے ہیں۔ پنجاب کے ہرے بھرے کھیت، پہاڑی سلسلے اور دریاؤں کے گاتے ہوئے سفر سب کچھ ہی دیکھنے کی چیز ہیں۔

(د) پاکستان کے زیرِ انتظام کشمیر کو کس نام سے پہچانا جاتا ہے؟

جواب: پاکستان کے زیرِ انتظام "آزاد کشمیر" کو اُس کے خوبصورت وادیوں کی وجہ

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سے ''جنت نظیر'' کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر:(۲) سبق کے مطابق دُرست جواب پر صحیح (   ) کا نشان لگائیے۔

(الف) اسے صوبہ سندھ کا مری کہا جاتا ہے۔

(۱) حیدر آباد (۲) گورکھ ہل (۳) تھر (۴) ٹھٹھہ

(ب) کراچی اس کے پاس واقع ہے۔

(۱) سمندر (۲) صحرا (۳) وادی (۴) دریائے سندھ

(ج) کے ٹو پہاڑ واقع ہے:

(۱) گلگت میں (۲) کشمیر میں (۳) سندھ میں (۴) خیبر پختونخواہ میں

(د) مینارِ پاکستان واقع ہے۔

(۱) کوئٹہ میں (۲) پشاور میں (۳) لاہور میں (۴) کراچی میں

(ہ) سوات سے برآمد کیے جاتے ہیں۔

(۱) پھل (۲) کپڑے (۳) کھیلوں کا سامان (۴) کھلونے

سوال نمبر:(۳) درج ذیل الفاظ کے جملے بنایئے:

الفاظ	جملے
رعنائی	کشمیر کے مناظر حُسن و رعنائی کا مرقع ہیں۔
صناعی	ہر شئے میں قدرت کی صناعی جلوا فروز ہے۔
سوغات	خشک میوہ جات اور رسیلے پھل گلگت بلتستان کی سوغات ہیں۔
رسیلے	رسیلے اور خوشبودار سیب دِل کو للچاتے ہیں۔
سحر	ہمارے ملک کی خوبصورت وادیاں دیکھنے والوں پر سحر طاری کردیتی ہیں۔

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سوال نمبر:(۴) پاکستان کے چاروں صوبوں کے قدرتی مناظر پر مختصر نوٹ لکھیے۔

جواب: اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو منفرد اور خوبصورت وحسین مناظر سے بھری سرزمین عطا کی ہے۔ ہمارے چاروں صوبے اپنی اپنی جگہ بہت خوبصورت ہیں۔

صوبہ سندھ میں سطح سمندر سے پانچ ہزار سات سو فٹ بلند "گورکھ ہل" جیسی بلند تفریح گاہ موجود ہے کہ جسے سندھ کا مری کہا جاتا ہے۔ جبکہ بحیرۂ عرب کا ساحل سیر وتفریح کرنے والوں کے لئے عجب کشش رکھتا ہے۔ جبکہ دنیا کی سب سے بڑی مصنوعی جھیل "منچھر جھیل" بھی عوام کے لئے بہت کشش رکھتی ہے جہاں روز آنہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ سیر وتفریح کی غرض سے آتے ہیں۔

صوبہ پنجاب پاکستان بھی بے شمار خوبصورت قدرتی مناظر سے بھرا پڑا ہے۔ مری بھوربن بلند اور دلکش مناظر سے بھرپور پہاڑی مقام ہے۔ مٹھن کوٹ جہاں پانچ دریا مل کر دریائے سندھ میں شامل ہوتے ہیں۔ دلکش پہاڑی سلسلے اور سرسبز میدانی علاقے پنجاب کی خوبصورتی کے مظہر ہیں۔

صوبہ بلوچستان رقبے میں پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ اور آبادی کے لحاظ سے سب سے چھوٹا صوبہ ہے۔ کوئٹہ شہر، حنا جھیل، قائداعظم ریزیڈنسی، آبِ گم، کھوجک ریلوے سُرنگ اور ہنگول نیشنل پارک بلوچستان کے قابل دیک مقامات ہیں۔ بلوچستان کا سمندری ساحل ملک کا سب سے بڑا ساحل ہے۔ بلوچستان کے پہاڑوں پر سردیوں میں برف باری ہوتی ہے۔ برف باری سے لطف اندوز ہونے کے لئے لوگ ملک کے طول وعرض سے یہاں آتے ہیں۔

صوبہ خیبر پختونخواہ میں پہاڑوں اور پہاڑوں کے درمیان چشموں، آبشاروں اور دریاؤں کا سلسلہ بہت خوبصورت منظر پیش کرتا ہے۔ جبکہ اس صوبے کی ہریالی بھی بے نظیر ہے۔ جھیل سیف الملوک، آنسو جھیل، ناران، کاغان، شوگران، سوات، مالم جبہ اور

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

نتھیا گلی کے سرد علاقے گھنے اور پُر خطر جنگلات، تنگ درّے، گہری کھائیاں اور ندی نالوں کی بہتات، یخ بستہ پانی اور آسمان کو چھوتی ہوئی پہاڑوں کی چوٹیاں سب ہی دِل کو موہ لینے والا نظارہ دکھاتی ہیں۔

سوال نمبر:(۵) درج ذیل خالی جگہیں پُر کیجیے۔

(الف) دنیا کے تین بڑے پہاڑی سلسلے پاکستان میں ہیں۔

(ب) جنّت نظیر کشمیر کو کہا جاتا ہے۔

(ج) شاہجہانی مسجد ٹھٹھ میں ہے۔

(د) حیدرآباد کی مشہور جگہ شاہی بازار ہے۔

(ہ) رسیلے پھل، میوہ جات سوات میں وافر مقدار میں ملتے ہیں۔

سوال نمبر:(۶) درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھیے۔

الفاظ	کمزور	حُسن	خِطہ	دِید	مقام
مترادفات	ناتواں	عشق	علاقہ	نظارہ	جگہ

سوال نمبر:(۷) درج ذیل الفاظ پر اعراب لگا کر تلفظ واضح کیجیے۔

(الف) صَنَاعی (ب) مَنَاظِر (ج) سَیّاح (د) مُتَنَوّع (ہ) تَفرِیح

سوال نمبر:(۸) درج ذیل الفاظ کے معنی لُغت سے دیکھ کر لکھیے۔

الفاظ	معانی
زرخیز	جس زمین پر فصل اُگائی جاسکے
رقبہ	کُل لمبائی چوڑائی زمین کی پیمائش
بلندی	اونچائی
رعنائی	خوبصورتی۔ کشش
شاہکار	بہت اعلیٰ تخلیق

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سوال نمبر:(۹) اپنے پسندیدہ تفریحی مقام کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔

جواب: **کلری جھیل**

کراچی میں اگرچہ بہت سے تفریحی مقامات ہیں جن میں زیادہ تر سمندر کے کنارے واقع ہیں۔اس کے علاوہ پارکس اور پلے لینڈز بھی ہیں۔لیکن مجھے کلری جھیل جانا پسند ہے۔اگرچہ یہ کراچی سے ایک سو بیس کلومیٹر دور ہے۔اس کی پہلی وجہ تو یہ ہے کہ وہ میٹھے پانی کی جھیل ہے اور دوسرے یہ کہ وہاں پانی میں بہ آسانی تیر سکتے ہیں کیونکہ پانی ساحل پر تھوڑا ہے اور لہروں کا بھی کوئی خوف نہیں۔

دُنیا کی اس سب سے بڑی مصنوعی جھیل پر دنیا بھر سے نایاب پرندے بھی آتے ہیں۔

ہماری فیملی اکثر پکنک منانے کلری جھیل ہی جاتی ہے۔وہاں ہمارے پاپا ہٹ بُک کرا لیتے ہیں جس کی وجہ سے ہمیں سارا دن گزارنے میں کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ہم لوگ کھانا پکانے کا سامان گھر سے ساتھ لے کر جاتے ہیں اور وہیں ریسٹ ہاؤس میں موجود چولہے پر پکاتے ہیں۔ریسٹ ہاؤس کے سامنے ہی جھیل کا پانی ہوتا ہے اور ہم وہیں پانی میں تیرنے کا لطف لیتے ہیں۔

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com